26/05/2026

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں انوار الحق

پد یاترا

نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت مختلف اضلاع میں پد یاتراؤنکے انعقاد کا سلسلہ جاری ہے ، جن میں لوگوں کی ایک بڑی تعداد اپنی سرگرم شرکت دکھا کر منشیات کی لعنت کے خلاف اپنے عزم مصمم کا اظہا رکر تے ہیں۔

ضلع بانڈی پورہ میںبھی منشیات مخالف پد یاترا نکالی گئی جس کو لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے جھنڈی دکھا کر روانہ کیا ۔ اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نوجوان قوم کی تعمیر میں ایک اہم رول ادا کرتے ہیں اور انہیں تعمیری سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا چاہئے ۔

گلمرگ گنڈولہ

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے گلمرگ گنڈولہ میں تکنیکی خرابی کے سبب پھنسے سیاحوں کو بحفاظت باہر نکالنے پر ریسکیو آپریشن میں شامل سول ایڈمنسٹریشن ، پولیس ، آرمی ، ڈیزاسٹر رسپانس فورس ، مقامی گائیڈز اور دیگر متعلقہ ایجنسیوں کی ہم آہنگ کاوشوں کی تعریف کی ۔

نائب وزیر اعلیٰ

اسی دوران وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی ہدایت پر کل نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے گلمرگ کا دورہ کیا جہاں انہوں نے گلمرگ گنڈولہ میں تکنیکی خرابی کے سبب پھنسے سیاحوں کی بچاو کاروائی کا جائزہ لیا ۔ نائب وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اس حوالے سے ایک تفصیلی رپورٹ

وزیر اعلیٰ کو پیش کی جائے گی تا کہ تکنیکی خرابی کی وجہ کا تعین کیا جا سکے اور مستقبل میں ایسے واقعات کو دوبارہ پیش آنے سے روکا جا سکے ۔

بڈگام

جموں کشمیر پولیس نے گلوان پورہ بڈگام میں ایک معصوم بچی کے ساتھ پیش آئے دلخراش واقعے کا معمہ 36 گھنٹوں کے اندر حل کر دیا ہے ۔

اس بارے میں ایس ایس پی بڈگام ہری پرساد کے کے نے بتایا کہ ایک ملزم کو پکڑا گیا ہے جبکہ دیگر مشتبہ افراد کو بھی جلد ہی قانون کی عدالت میں کھڑا کیا جائے گا اور انہیں قرار واقع سزا دی جائے گی ۔

درخشاں اندرابی

جموں کشمیر وقف بورڈ کی طرف سے کل منائی جانے والی عید الاضحی کی تقریب سعید کے لئے تمام تیاریاں اور انتظامات کو حتمی شکل دی گئی ہے ۔

وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے اس سلسلے میں وقف بورڈ انتظامیہ اور مختلف مساجد کے ائمہ حضرات کے ساتھ ایک تفصیلی میٹنگ کے دوران تمام ضروری امور کا تفصیلی جائزہ لیا۔

چیف سیکرٹری

چیف سیکرٹری اٹل ڈلو نے کہا ہے کہ مختلف محکمہ جات کو روایتی طرزِ عمل سے آگے نکل کر ایک دوسرے کے ساتھ نزدیکی تال میل سے کام کرنا چاہیے تاکہ سال 2047 ءتک وکست بھارت کے خواب کو پورا کیا جا سکے۔

وہ سبھی انتظامی سیکریٹریوں کے ہمراہ وزیر اعظم نریندر مودی کے ساتھ مرکزی محکمہ جات اور عوامی خدمات کی ڈیجیٹائزیشن Ease of Living کے سیکریٹریوں کی میٹنگ کے دوران جیسے اصلاحات کے تعلق سے کئے گئے اقدامات کا جائزہ لے رہے تھے۔

ایوارڈ

صدر جمہوریہ دروپدی مرمونے کل راشٹر پتی بھون نئی دلی میں منعقد ہوئی ایک پر وقار تقریب پر اس سال کے پدم ایوارڈس عطا کئے ۔

جموں کشمیر سے تعلق رکھنے والے معروف ماہر تعلیم پروفیسر شفیع شوق کو پدم شری ایوارڈ عطا کیا گیا۔

اس سال مرکزی سرکار نے 131 پدم ایوارڈس کا اعلان کیا تھا جن میں پانچ پدم وبھوشن ، 13 پدم بھوشن اور 113 پدم شری ایوارڈ شامل ہیں ۔

سکاسٹ

سکاسٹ کشمیر سے تعلق رکھنے والے ماسٹرس لیول کی ایک طالبہ کو Canada کیUniversity of Guelph میں ایگریکلچر میں PhD کرنے کے لئے فیلو شِپ حاصل کی ہے ۔

سکاسٹ کشمیر کے وائس چانسلر پروفیسر نذیر احمد گنائی نے بسما مجید نامی اس طالبہ کو یہ پیش رفت حاصل کرنے پر مبارک باد پیش کی ہے ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت9 اعشاریہ 6 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ23 اعشاریہ 1 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ